الہلال

پندرہ روزہ

ٹورانٹو ۔ کینیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

۲۰ محرم ۱۴۰۷ھ ۲۵ ستمبر ۱۹۸۶ء

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۱۵ شمارہ نمبر ۱۳

ایم آر ڈی نے 20 ستمبر سے تحریک چلانے کا الٹی میٹم واپس لینے کا فیصلہ کر لیا

نئی حکمت عملی پسند اختلافات نے بے نظیر نہارہ گئیں مظاہرے کیلئے کوئی عجلت تیار نہیں

قومی اسمبلی کے سامنے مظاہرے کی اجازت کے لئے وزیراعظم کو خط لکھنے پر بھی اختلاف رائے

کراچی ۔ [illegible]

[illegible]

رہائی کے بعد ایم آر ڈی کے رہنماؤں کے تاثرات

کراچی ۔ [illegible]

[illegible]

ہماری غلطی یہ رہی کہ ۱۴ اگست کو ہم ان کے جال میں آ گئے ۔ بے نظیر بھٹو

ہم حکومت کے اندر شکست ریخت کی پالیسی ختیار کریں گے ۔ اب کارکنوں کو گرفتار کرنے کا بہانہ نہیں دیں گے

کراچی ۔ [illegible]

[illegible]

دس بچوں کی ماں فلسطینی خاتون کی لاش جس سے خبرون میں ایک اسرائیلی فوجی کو گرنے سے پکڑ کر اس کی گردن کاٹ ڈالی تھی اور بعد میں ایک اسرائیلی فوجی نے اس خاتون کو گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا۔

۱۹۴۷ء کے بعد سے پہلی مرتبہ مقبوضہ کشمیر براہ راست مرکز کے حوالے ہو گیا

مقبوضہ کشمیر میں ایک ہفتے کے ہندو مسلم فسادات کے بعد بھارتی حکومت کا انتہائی غیر معمولی اقدام

[illegible]

کچھ علاج اس کا بھی ...

کراچی ۔ [illegible]

[illegible]

"ٹیپ" کی بازگشت

اسلام آباد ۔ [illegible]

[illegible]

پاکستان بھی برطانوی باشندوں پر ویزا کی پابندی لگا دے گا ۔ ڈیوڈ واڈنگٹن

سفارتخانہ نے اسلام آباد کو برطانوی فیصلے سے آگاہ کر دیا ۔ اگلے روز میں ردعمل متوقع ہے

لندن ۔ [illegible]

[illegible]

پیپلز پارٹی اور نیشنل پیپلز پارٹی کا جھگڑا

اسلام آباد ۔ [illegible]

[illegible]

بے نظیر بھٹو کی رہائی کی خوشی میں پارٹی کی ایک خاتون کارکن ان کے گلے لگ کر رو رہی ہیں۔

پاکستان نے ان تمام ممالک پر ویزا کی پابندی لگا دی جنہوں نے پاکستانیوں پر پابندیاں لگائی ہیں

پاکستان میں غیر ملکیوں کو وہی سہولتیں فراہم کی جائیں گی جو ان ممالک میں پاکستانیوں کو حاصل ہیں

[illegible]

Canada

The Pakistan government has instituted a visa requirement, effective September 1, for all Canadian citizens, irrespective of their country of birth.

پروفیسر سراج الدین انتقال کر گئے

[illegible]

فاروق عبداللہ نے کشمیر کانفرنس میں شرکت کیلئے سکندر حیات کی دعوت مسترد کر دی

میں پاکستانی نہیں بھارتی مسلمان ہوں، کشمیر کو بھارت کا حصہ تصور کرتا ہوں۔ دہلی میں پریس کانفرنس

[illegible]

اقتدار تو مسلم لیگ کا مقدر رہے گا کسی اور کا چانس نہیں: پیر پگارا

نیشنل پیپلز پارٹی کے لیڈر وہ لوگ ہیں جنہوں نے پیپلز پارٹی کے دور میں عوام کو خوب لوٹا



[illegible]

اقتدار نیشنل پیپلز پارٹی کا مقدر بن چکا ہے: جتوئی

ہم ضیاء الحق کے ساتھ ۲۲ ارکان قومی اسمبلی نے ہماری پارٹی میں شمولیت کی پیشکش کی ہے اخبار نویسوں سے بات چیت

[illegible]

قائد اعظم کے ڈرائیور آزاد کا انتقال ہو گیا

[illegible]

بے نظیر کی رہائش گاہ پر حملے کے ملزم میجر عبدالقیوم کو قتل کر دیا گیا

[illegible]

میجر عبدالقیوم

فدا محمد گورنر سرحد مقرر کر دیئے گئے

[illegible]

ذاتی خط و کتابت زیادہ تر اردو اور سندھی میں کی جاتی ہے: گیلپ سروے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) گیلپ پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق پاکستانی عوام میں باہمی خط و کتابت کرنے کیلئے زیادہ تر اردو یا سندھی کا استعمال ہوتا ہے۔ [illegible]

ISLAMIC BOOKS FOR CHILDREN

TITLE (all in Colour Illustrations)	PRICE IN US Dollars
The Whale of Jonah	3.50
The Elephant of Abraha	3.50
The Hoopoe of King Solomon	3.50
Islamic Quiz Book #1	3.50
Islamic Quiz Book #2	3.50
The Three holy places of Islam	1.00
Abu Bakr: The First Caliph	3.50
The Kingdom of Justice: Stories from life of Umar	3.50
The Longing Heart: Story of Abu Dhar	3.50
The Long Search: Story of Salman, the Persian	3.50
The Children's Book of Islam: Part 1	3.50
Muslim Nursery Rhymes	3.50
Assalamu Alaikum	3.50
A Great Friend of Children: Stories from Prophet's Life	3.50
Love all Creatures	3.50
The Brave Boy: Stories from the Life of Ali	3.50
Stories of the Caliphs	3.50
Marvellous Stories from the life of Muhammad (120 p)	6.00

(POSTAGE: 20 percent additional)
ORDER FROM:
The Open Press (Holdings)
300 Steelcase Rd West
Unit 8, Markham,
Ont. L3R 2W2

قابل اعتماد ادارہ
سستے ترین ٹکٹ

ہمارا مشورہ اور آپ کی بچت

دنیا کے کسی بھی ملک کے لئے ٹکٹ خریدنے سے قبل ہم سے مشورہ ضرور کریں۔

WORLD WIDE

پی آئی اے کے واحد منظور شدہ ایجنٹ

Cumberland Travels Ltd
50 Cumberland Street
Toronto, Ontario
Canada M4W 1J5
Phone: (416) 922-5339

تازہ حلال گوشت • تازہ حلال مرغیاں
تازہ سبزیاں۔ دالیں

Madina HALAL meat and Grocery
East-West, Middle East Grocery and Spices

1063 DANFORTH AVE.
(BESIDE MADINA MOSQUE)
TORONTO, ONT. PH: 461-0404

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

سن لو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا نہ غم ہوگا (القرآن)

پندرہ روزہ الہلال ٹورانٹو

ایمان والوں کیلئے نشانیاں

اور ان (جھٹلانے والوں) کے ظلم کی وجہ سے عذاب کا وعدہ ان پر پورا ہو جائے گا تب وہ کچھ بھی نہ بول سکیں گے۔ کیا ان کو سمجھائی نہ دیتا تھا کہ ہم نے رات ان کے لئے سکون حاصل کرنے کو بنائی تھی اور دن کو روشن کیا تھا؟ اس میں بہت نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لانے والے ہیں۔ (النمل ۸۵-۸۶)

فرضیت حج

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تقریر فرمائی۔ کہا "اے لوگو! اللہ نے تم پر حج فرض کیا ہے تو حج کرو۔" (المنتقی)

فرمانِ رسول ﷺ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بعض صحابہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپ ہم سے مزاح فرماتے ہیں؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ میں (مزاح میں بھی) حق ہی کہتا ہوں۔ (جامع ترمذی)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اپنے بھائی سے جھگڑا نہ کرو اور نہ اس سے مزاح (یعنی ایسا مذاق جو دوسرے آدمی کے لئے ناگواری اور اذیت کا باعث ہو) اور اس سے ایسا وعدہ نہ کرو جس کی تم وعدہ خلافی کرو۔ (جامع ترمذی)

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب سے مجھے اسلام نصیب ہوا کبھی ایسا نہیں ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حاضری سے روکا ہو اور جب بھی آپ نے مجھے دیکھا تو آپ نے تبسم فرمایا (یعنی ہنس کر مسکرا دیے)۔ (صحیح بخاری، صحیح مسلم)

جفا اور وفا کے معرکے

آبو ظفر زین

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا مشہور واقعہ ہے کہ ایک [illegible]

[illegible]

پھر وہی سیاسی ہیرے پھیرے

۹ سال کی جبری جلاوطنی کے بعد بھٹو صاحب گذشتہ روز جب کراچی پہنچے تو ایئرپورٹ پر اخبار نویسوں سے بڑی چکنی چپڑی باتیں کیں۔ انہوں نے کہا "ہم پیپلز پارٹی کے دورِ حکومت کی تمام زیادتیوں کے ذمہ دار ہیں۔" یہ بات اگر وہ نہ بھی کہتے تو بھی ان کا یہ اعتراف جرم ہر پاکستانی کے ذہن پر لوحِ تربت کی طرح نقش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میری زندگی کا نقشہ بدل گیا ہے۔ اب میں سیاست کو عبادت سمجھتا ہوں۔ خدا سے آپ کے یہ فرمودات عدالت اور انصاف تک پہنچتی ہوں۔

لیکن ہمیں افسوس ایسا ہے نہیں۔ اس گفتگو میں بھی آپ نے پیر طریقت ذوالفقار علی بھٹو کی طرح سیاسی چالبازیوں سے کام لیا ہے۔ آپ کا یہ فرمانا کہ میں پہلے پاکستانی اور پھر پنجابی ہوں۔ کیا آپ کی نیت کا چغلی نہیں کھا رہا ہے کہ آپ اب شیخ مجیب کی طرح پنجاب کے مسئلے بیچ رہے ہیں۔ حقائق دفاع آپ کے اس دعوے پر آپ سے پوچھتے ہیں کہ اگر واقعی آپ اپنے وطن پنجاب ہی سے مخلص ہیں تو ذرا ان سوالوں کے جواب دیجئے۔

[illegible]

جان جب پنجاب کے اپنے صحافی ساتھی [illegible] پنجاب کی حرمت نا رواں غنڈوں کی گرفت سے آزاد نہ ہو سکی سیاسی شورش کاشمیری کی موت کا فوری سبب بنا تھا۔

۴۔ کیا وہ پنجاب کی مجبور بیٹیاں نہیں تھیں جو [illegible] اور سوتیلا ہونے سے پہلے [illegible] جرم بے گناہی کی سزا بھگتنے کے لیے ان کے گھروں کو بھیج دیا گیا تھا۔

۵۔ اگر آپ واقعی پنجاب کے سپوت تھے تو کیا پنجاب کا بیٹی آپ کی اپنی پنجاب کی لڑکیاں آپ کی بہنیں نہ تھیں [illegible]

اندازِ بیاں اور

ابو المظفر

[illegible]

اسی لیے گزشتہ ماہ جب ترکی نے یورپی ممالک کی مشترکہ منڈی میں داخلے کی درخواست دی [illegible]

[illegible]

مگر یورپ نے [illegible]

[illegible]

شرم تم کو مگر نہیں آتی

[illegible]

مغرب زدگی

یہ ان دنوں کی بات ہے جب "ڈاکٹر ژواگو" (Dr. Zhivago) کی وبا پھیلی ہوئی تھی۔ پاکستانیوں کے خلاف [illegible] کا کھلم کھلا اظہار کیا جاتا تھا۔ [illegible]

[illegible]

[illegible] کا کھلم کھلا اظہار کیا۔

[illegible]

مگر جب ان حکمرانوں نے اسلامی تعلیمات کو نظر انداز کر کے سیکولر طریقہ اختیار کیا [illegible]

[illegible]

مصطفیٰ کمال نے سیکولر طرز حکومت کو عام کرنے کے لیے ترکی میں ہر طرح رسم الخط اور زبان کو تبدیل کیا [illegible]

[illegible]

خواتین کا صفحہ

مسائل سے گھری ازدواجی زندگی

نسرین نکہت

اگر میں کسی بھی عورت سے یہ سوال کروں کہ ایک بیوی شوہر سے کس بات کی متمنی ہوتی ہے تو غالباً ہر ایک کا جواب ہوگا محبت، سکون، پیار، بے تکلفی، جانثاری اور دولت۔ اب آپ ترتیب سے دیکھیں کہ بیوی کا شوہر سے پہلا مطالبہ محبت ہے اور دولت ثانوی حیثیت رکھتی ہے۔ یعنی اگر عورت کو اپنے شوہر سے بھرپور محبت اور تعاون ملے تو وہ اپنے آپ کو خوش نصیب تصور کرتی ہے، وہ اپنے شوہر کے اس اعتماد کی خواہش مند ہوتی ہے جو اسے ہر ذہنی اور جذباتی خلفشار سے نجات دلادے۔ تو کیا یہ اعتماد صرف اپنی پسند کی شادی کرکے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ نہیں۔ بالکل نہیں۔ والدین کی پسند سے جو شادی ہوتی ہے اس میں بھی یہ نعمت حاصل ہوسکتی ہے۔ بلکہ اس کا کچھ زیادہ امکان ہوتا ہے کیونکہ اس میں بزرگوں کی دعائیں بھی شامل ہوتی ہیں۔ ازدواجی زندگی میں اعتماد ایسی بیش بہا نعمت ہے جس کے سہارے زندگی کا سفر نہایت خوشگواری سے کٹ جاتا ہے، جہاں باہمی اعتماد حاصل نہ ہو وہاں زندگی ایک بوجھ بن جاتی ہے اور یہ خیال ہونے لگتا ہے کہ یہ بندھن جو بندھ گیا ہے اسے نبھانے کے لیے مجبوراً رو پیٹ کر عمر گذارنا ہے۔ بندھ گیا سو موتی رہ گیا سو پتھر والا کہاوت ہے جس وقت بھی کسی ایک فریق کے دل و دماغ میں یہ خیال بیٹھ گیا وہ گھر جہنم کا نمونہ بن جائے گا۔

ہمارے سماج میں طلاق کا تصور بطور خاص عورت کے لیے نہایت برا سمجھا جاتا ہے عورت ہمیشہ خوفزدہ رہتی ہے کہ اگر اس نے اپنے حقیقی جذبات یا ناپسندیدگی کا اظہار شوہر کے خلاف کیا تو نوبت طلاق تک آجانے گی یہ فکر اسے ضرورت سے زیادہ احتیاط پسند بنا دیتی ہے اور وہ زندگی کے اہم رازوں میں بھی شوہر کو شریک نہیں کرتی اور اس احتیاط کی وجہ سے دماغ پر مستقل بوجھ بنا رہتا ہے جب کہ ازدواجی زندگی میں شوہر یا بیوی کو الگ ہوکر تو کچھ سوچنا ہی نہیں چاہیے ان کی مثال تو ایسی ہے جیسے دودھ میں شکر تحلیل ہوکر اپنی پہچان کھو دیتی ہے یہی مثال ازدواجی زندگی میں قائم کرلی جائے تو زندگی کامیابی سے گذرتی رہے گی جہاں "میں" کرکے سرچا دیں خرابی پیدا ہوجاتی ہے۔ شادی کے بعد "میں" نہیں بلکہ "ہم" کا لفظ استعمال کرنا کامیابی کی اساس ہے شادی ایک روحانی اور مقدس تعلق کا نام ہے اس کا حقیقی مقصد یہ ہوتا ہے کہ میاں بیوی ایک دوسرے کے دلی دوست، اچھے ساتھی، مشیر، رازدار اور غمخوار بن کر رہیں جس ازدواجی زندگی میں یہ خصوصیات ناپید ہوں وہ زندگی کسی طرح پر مسرت کہلانے کی مستحق نہیں مرد کے دماغ میں کبھی یہ خیال نہیں آنا چاہیے کہ عورت اس کی محتاج ہے معاشرے اور مذہب

اسلام نے بھی مرد اور عورت کو یکساں حقوق عطا کیے ہیں مرد اگر باہر کی دنیا کا حاکم ہے تو عورت گھر کی سلطنت چلاتی ہے۔ ان دونوں میں اتفاق نہ ہو تو آخر گھر کی گاڑی کیوں کر چلے گی۔ ازدواجی زندگی کا جمود شوہر اور بیوی کو ایک دوسرے سے دور کر دیتا ہے۔ جمود ایک خطرناک حادثے کی حیثیت رکھتا ہے جو میاں اور بیوی کو ذہنی طور پر اتنا دور کر دیتا ہے کہ بعض اوقات اس گہری خلیج کو پاٹنا دشوار ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے اور انجام طلاق کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ شوہر کو چاہیے کہ وہ بیوی کے جذبات کا احترام کرے اس کی پکائی ہوئی چیزوں کی تعریف کرے اگر بیوی سے کوئی غلطی ہوجائے تو شوہر کے لیے ہرگز مناسب نہیں کہ اخلاق حدود کو پار کرے۔ شوہر کبھی دوسرے کے سامنے اپنی بیوی کو مطعون نہ کرے عورت سب کچھ برداشت کرلیتی ہے مگر کسی کے سامنے اپنی ذلت گوارا نہیں کرتی عام گھرانوں میں عموماً لڑائی اخراجات کی وجہ سے ہوتی ہے فریقین کو چاہیے کہ بجٹ کا جائزہ لیں اگر کوئی فالتو خرچ ہو تو اسے نوٹ کرلیں اور آئندہ کے لیے احتیاط کریں شوہر کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر معاملے میں اپنی بیوی سے مشورہ لے کیونکہ بیوی اس کی نصف بہتر ہے اور زندگی کی بہترین مشیر ہوتی ہے۔ شوہر باہر سے تھکا ماندہ لوٹ رہا ہے تو سوچیے کہ بیوی نے بھی تو سارا دن گھر میں آرام سے نہیں گذارا بچوں کی دیکھ بھال کھانا پکانا سینا پرونا اور دیگر گھریلو کام اس نے نپٹائے ہیں۔ یہ کسی طرح درست نہیں کہ آپ باہر کی الجھنیں بیوی پر غصے کی شکل میں ظاہر کریں۔ اگر آپ کو کوئی الجھن ہے تو آپ اس کا مشورہ بھی تو کرسکتے ہیں۔ شوہر کو چاہیے کہ فاضل وقت میں چھوٹے موٹے خانگی کاموں میں اپنی بیوی کی مدد کرے تاکہ بیوی کو احساس ہو کہ وہ زندگی کے سفر میں تنہا نہیں ہے۔ اس کا شریک زندگی حقیقی معنوں میں اس کا شریک ہے۔ عورت اپنے مزاج میں ہر ممکن تبدیلی کرلیتی ہے بڑی سے بڑی قربانی دینے پر تیار ہو جاتی ہے بشرطیکہ بدلے میں اسے لازوال محبت خلوص اور اعتماد کا نذرانہ ملے۔

بیسن کی مٹھائی

بیسن آدھا سیر۔ چینی ایک پاؤ۔ دودھ ایک پیالی۔ سفید چھوٹی الائچی ۔ ۔ ۔ دانے۔ چاندی کے ورق چند۔ کیوڑہ اور عرق گلاب چند قطرے۔

ترکیب: دیگچی میں گھی ڈال کر بیسن اس میں شامل کردیں اور چمچہ برابر چلاتی رہیں۔ ہلکی آنچ پر رکھیں جب بیسن کی خوشبو آنے لگے تو چینی ڈال دیں۔ دودھ بھی شامل کردیں۔ جب دیگچی میں گھی چھوڑنے لگے تو چولھے سے اتار لیں۔ کیوڑہ اور عرق گلاب ڈال کر اچھی طرح مکس کر کے ڈھکن بند کردیں۔ پھر اس کو کسی تھالی میں پھیلا دیں اور اوپر چاندی کے ورق لگادیں۔ اگر آپ پسند کریں تو پستہ بادام باریک کاٹ کر اوپر چھڑک سکتی ہیں۔ چاندی کے ورق لگاکر یہ مٹھائی بہت جلد تیار ہوجاتی ہے۔ کبھی آپ اپنی پسند سے ڈالیں۔ مٹھائی تیار ہونے کے بعد آپ چھری سے اسے اپنی پسند کے ٹکڑے کر سکتی ہیں۔

تازہ بہ تازہ

تحریک پاکستان پر ایک اہم تصنیف

تحریک پاکستان کے ایک ممتاز مصنف اور محقق پروفیسر احمد سعید کی تازہ کاوش "انجمن اسلامیہ امرتسر تعلیمی و سیاسی خدمات" لاہور سے شائع ہوگئی ہے۔ اس مختصر تصنیف میں ۱۸۷۳ء سے ۱۹۴۷ء تک کے دوران اس انجمن کی تعلیمی و سیاسی خدمات کا مفصل تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے اور نادر و نایاب مآخذ اور معاصر اخبارات کے حوالے سے اس انجمن نے مسلمانان ہند کی تعلیمی ترقی اور ان کی سیاسی تحریکوں کی کامیابی کے لیے جو خدمات انجام دیں اور جو مسلمان اکابر اس انجمن سے منسلک رہے، ان کا مفصل تذکرہ کیا گیا ہے۔

مولانا امداد صابری کی نئی تصنیف

اردو کے بزرگ ادیب اور معروف محقق مولانا امداد صابری کی تازہ تصنیف "امداد المجاہدین" آزاد شائع ہوگئی ہے۔ یہ تصنیف جو مولانا آزاد کے سوانح حیات، شخصیت و سیرت اور خدمات کے ایک دلچسپ تذکرہ پر مشتمل ہے مطبوعات آزاد صدی کی مناسبت سے شائع ہوئی ہے۔ اس کا مقدمہ ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری نے تحریر کیا ہے اور اس میں مولانا امداد صابری کے حالات اور ان کی تصانیف کا جائزہ لیا ہے۔

کلید اقبال

محمد یونس حسرت نے علامہ اقبال کے اردو کلام کا ایک اشاریہ مرتب کیا ہے، جسے اقبال اکادمی لاہور نے "کلید اقبال" کے عنوان سے شائع کیا ہے۔ یہ بنیادی طور پر کلیات اقبال اردو کے الفاظ و تراکیب کا اشاریہ ہے اور اپنے موضوع پر ایک مفید کتاب ہے، جس کے توسط سے اقبال کے اردو شعروں اور مصرعوں کو تلاش کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

MALVERN
PRINTING PRESS
(416) 291-1137

- BOOKS
- FLYERS
- CALENDARS
- BUSINESS CARDS
- BROCHURES
- INVOICES
- LETTERHEADS

FREE ESTIMATES
FAST SERVICE

311 Burrows Hall Blvd.
Scarborough, Ont. M1B 1R5

نصر قسمت معیاری پرنٹنگ کے لیے
مالورن پرنٹنگ پریس کینیڈا
کا نام یاد رکھیے

آپ کے مسائل

میرا شوہر تین سال بعد پاکستان سے واپس آگیا ہے لیکن میں اس کو معاف نہیں کرسکتی

میری ملاقات "ج" کے ساتھ ایک پارٹی میں ہوئی تھی وہ ان دنوں یہاں ایک فرم میں ملازم تھا۔ کچھ عرصہ بعد ہمارے تعلقات اتنے بڑھ گئے کہ ہم نے شادی کرلی اور ایک گھر میں رہنے لگے۔ اس دوران "ج" کو پاکستان سے خط آیا کہ اس کی والدہ سخت بیمار ہے وہ فوراً پہنچے۔ وہ مجھے دو ہفتوں کا کہہ کر گیا مگر چھ ماہ گذر گئے کوئی خبر نہ ملی۔ وہ جب گیا تو میں امید سے تھی۔ میرے ہاں بیٹا پیدا ہوا تو میں نے اسے اطلاع دی اس پر اس کا فون آیا اس نے کہا کہ وہ جلد واپس آجائے گا مگر وہ پھر طویل عرصے تک غائب ہوگیا۔

اب جبکہ میں نے حالات کو تسلیم کرلیا تھا میرا بیٹا تین سال کا ہوگیا تو وہ اچانک واپس آگیا اس دوران ایک شخص نے مجھے بھرپور محبت دی اور میں اس انتظار میں تھی کہ میرے اور "ج" کے درمیان قانونی طور پر علیحدگی ہو جائے تو ہم شادی کرلیں۔ اب "ج" نے نیا مسئلہ کھڑا کر دیا ہے کہ میں بچے کو کسی طور علیحدہ نہیں کرسکتا مگر "ج" کے سابقہ غیر ذمہ دارانہ رویے سے میں اس پر اعتماد بھی نہیں کرسکتی۔

صدف۔

ج: آپ کی یہ گومگو کی حالت نہ صرف آپ کے لیے بلکہ آپ کے بچے پر بھی برا اثر ڈال سکتی ہے اس کے نزدیک اگر بچہ اتنا اہم تھا تو اس کی پیدائش کے فوراً بعد لوٹ آتا۔ آپ نے جو کچھ کیا بہت اچھا کیا آپ سب سے پہلے اس سے قانونی طور پر طلاق حاصل کریں۔ اسی دوران یہ فیصلہ ہو جائے گا کہ بچہ کس کے پاس رہے گا۔ آپ فکر نہ کریں "ج" کا گزشتہ ریکارڈ اتنا خراب ہے کہ وہ بچے کو حاصل نہیں کرسکتا وہ انشاءاللہ آپ کے پاس ہی رہے گا۔

البتہ وہ جب چاہے اسے مل سکتا ہے۔ بلکہ یہ اس پر فرض ہے کہ وہ بچے کی پرورش کے اخراجات کے طور پر آپ کو ہر ماہ ایک معقول رقم دے۔ وہ اس تمام عرصے میں ایک شادی شدہ مرد تھا بچے کا باپ تھا مگر اسے یہ احساس نہ رہا۔ وہ آزاد تھا۔ اسے آپ یہ آزادی بخش دیں۔ نہیں ایسے غیر ذمہ دار شخص پر ایک بار پھر اعتبار کرنا، اس پر انحصار کرنے کے بارے میں سوچنا بھی غلطی ہوگی۔

وہ مجھے بچپن سے چاہتے ہیں

س: وہ مجھے بچپن ہی سے ایک کزن سے آگنس تھا مگر اب اس کا رشتہ طے ہو گیا ہے۔ سوچتی ہوں کہ لڑکی سے بات کروں، شاید وہ میرے حق میں فیصلہ دے دے حقیقت یہ ہے کہ میں اپنا حق اس کے سامنے اپنے جذبات کا اظہار کرنے سے قاصر رہا ہوں۔

(ع۔ ۔ ۔ ۔ لندن)

ج: وہ چٹکیوں کا گیت چھیڑ کر الاپا ہے جو آپ نے سن رکھا ہوگا۔ بس وہی معاملہ ہوگا۔ بس اب اگر آپ نے منگیتر سے بھی بات کی۔ یا وہ لڑکا آپ کے حق میں فیصلہ کر بھی دے تو آپ کا کامیاب ہونا ممکن دکھائی نہیں دیتا کیونکہ اس نے تو والدین سے کہا نہیں ہوگا۔ کہ میرا رشتہ فلاں جگہ کردیں۔ جیسے کہ عموماً ہوتا ہے۔ والدہ کا انتخاب بزرگی کی وجہ سے اس نے قبول کیا ہوگا جہاں آپ نے اتنے برس صبر کیا اور ضبط کرلیں۔ کیونکہ اگر اب اظہار محبت کیا تو وہ مضطرب ہو جائے گی۔ جب اس کی شادی ہو جائے، وہ اپنے گھر میں خوش باش ہو بال بچے دار بن جائے۔ پھر کبھی ملاقات ہو تو اس کی بات کیجیے اس وقت وہ ہنس کر آپ کا شکریہ ادا کرے گی اور کہے گی۔ دیکھو! یہ اب تک اصرار کرتے ہیں کہ مجھے بچپن سے چاہتے ہیں۔

میرے ایک شادی شدہ ڈاکٹر سے محبت کرتی ہوں

س ۔ ب ۔ بی ۔ ۔ ۔ تقریباً نو سال پہلے ایک ڈاکٹر

صاحب سے میری ملاقات ان کی علالت کی وجہ سے ہوئی۔ اس دوران میں نے محسوس کیا کہ وہ مجھ میں دلچسپی لے رہے ہیں پھر میں نے ان کی برتھ ڈے پر ایک خوبصورت تحفہ بھی دیا۔ اس کے جواب میں انہوں نے مجھے بھی ایک چھوٹا سا تحفہ دیا۔ ایک بار میں نے ان کی التفات کی وجہ پوچھی تو کہنے لگے کہ تمہاری صورت میری ایک کلاس فیلو سے ملتی ہے۔ اس سے میری شادی ہونے والی تھی۔ مگر وہ ایک حادثے میں جان بحق ہوگئی۔ پھر میری شادی چچا زاد سے ہوگئی۔ اب میرے چار بچے ہیں۔ میری زندگی بظاہر ٹھیک ٹھاک ہے بیوی بھی محبت کرنے والی مگر بہت تیکھی مزاج ہے پچھلے دنوں انہوں نے مجھ سے شادی کا ارادہ ظاہر کیا اور کہا کہ میں سوچ کر جواب دوں۔ مگر مجھے یہ رشتہ نامناسب لگا۔ میں نے سوچا میں کبھی شادی نہیں کروں گی۔ پھر میرے رشتے آنے لگے۔ بلکہ آج کل میری بات پکی ہو رہی ہے۔ اب۔ وہ مجھ سے یہ کہتے ہیں کہ تم مجھے اپنی شادی پر ضرور بلانا۔ انہیں شاید یہ معلوم نہیں کہ میں ان سے محبت کرنے لگی ہوں۔ میں شاید انہیں کبھی نہ بھلا سکوں۔

(فرخندہ شمیم ۔ مانچسٹر)

ج: ساری پگلی لڑکیاں اسی طرح سوچتی ہیں۔ وہ اپنی شکست اور محبت کا اظہار اسی طرح کرتی ہیں کہ کیا ہوا کہ میری قسمت سے شادی نہ ہو سکی۔ تم میرے دل میں ہمیشہ بستے رہو گے۔ اس کا مطلب دوسرے الفاظ میں یہ ہے کہ اے بندۂ خدا! تم نے جو خیالی محبت جگا کر مجھے ٹھکرا دیا ہے اس کے بدلے میں تمام عمر تمہارے گن گاؤں گی اور جو شخص مجھے قبول کرے گا۔ میرا رفیق حیات بنے گا۔ مجھے تحفظ دے گا، میری کفالت کرے گا اسے میں خاطر میں نہیں لاؤں گی۔ اس سارے معاملے میں صرف ایک نیا بات اچھی ہوگی ہے کہ ایسی باتیں الف سوچ کر بھی چھوڑ دی جاتی ہیں۔ ان پر عمل نہیں کیا جاتا یہی ایک صورت ہے جس سے گذشتہ غلطیوں کا ازالہ کیا جاسکے۔ یقین کریں اس معاملے میں سراسر آپ کی غلطی ہے۔ کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ آپ ان سے ہر طرح کا رابطہ ختم کرلیں۔

ادب و ثقافت

وہ اتنے منکسر المزاج ہیں کہ اپنے آپ کو عہد ساز شخصیت سمجھتے ہیں۔

علم کے معاملے میں ہم خاصے فضول خرچ واقع ہوئے ہیں، ایک ہاتھ سے آتا ہے اور دوسرے ہاتھ سے ہم لٹا دیتے ہیں۔ بعض لوگ دولت کو ہاتھ کا میل سمجھتے ہیں، ہمارے نزدیک علم بھی کچھ اسی قسم کی چیز ہے۔ ہاتھ چاہے ہوں تو جس چیز کو بھی ہاتھ لگایا جائے وہ میلی ہو جاتی ہے۔ اس لیے صفائی کے خیال سے ہاتھوں کو صاف ستھرا ہی رکھنا چاہیے۔ آج کل کے اہل قلم تو ہم سے بھی زیادہ نفاست پسند ہیں۔ وہ ہاتھوں ہی کو نہیں، ذہن کو بھی صاف رکھتے ہیں۔ جس کا اندازہ ان کی تصانیف سے ہوتا ہے۔ آج کل جو کتابیں چھپتی ہیں، انہیں پڑھ کر معلوم ہی نہیں ہوتا کہ ان کے لکھے جانے کا سبب کیا ہے۔ اور اگر معلوم ہو بھی جائے تو یہ ساز نہیں کھلتا کہ آخر ہم نے ایسا کون سا جرم کیا تھا جس کی سزا کے طور پر یہ کتابیں ہمیں پڑھنی پڑتی ہیں۔ تاہم کبھی کبھار ایک آدھ ایسی کتاب بھی ہاتھ لگ جاتی ہے جسے پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ ہم نے کچھ کھویا نہیں، حاصل کیا ہے۔ ہمارے علم میں اضافہ ہوا ہے۔ ایسے ہی موقعوں پر ہم کتاب و مصنف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے حاصل شدہ علم کو دوسروں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ جو چیز ضرورت کی نہ ہو، اسے اپنے پاس رکھنے کا کیا فائدہ؟ مستحقوں اور ضرورت مندوں میں اسے تقسیم کر دینا چاہیے۔ اسی وقت ہم کچھ اسی قسم کی نیکی کرنے کے موڈ میں ہیں۔

[illegible]

ناول کی ضخامت: (کل چھ سو کا ایک) دیکھتے ہوئے ہمارا ادب کا شاید سب سے ضخیم اور بھاری بھرکم ناول نظر آتا ہے۔ لیکن دنیا بھر کے بعض مریض بھی ایسے ہی نظر آتے ہیں۔

[illegible]

"بستی" میں ماسٹر نگلش (اسٹیریا) تک پہنچ گیا ہے۔ یہ اس کی کشش کی سیڑھی ہے۔ یہ تکمیل ہے۔ اس کے بعد دائرہ ہے۔ گنبد ہے۔ بس ہے۔ اب اگر استعجاب کو اپنا سفر جاری رکھنا ہے تو اسے یہ دائرہ توڑنا ہوگا۔ تازہ ہوا کے لیے گنبد سے باہر نکلنا ہوگا۔ سفر کے لیے نیا راستہ تلاش کرنا ہوگا۔ اس کے لیے یہ جرأت کرنی پڑے گی کہ زندہ رہنا جرأت ہوتا ہے اور اگر

سخن در سخن

[illegible]

حیران تو ہم تب ہوئے جب ان کی کسرِ نفسی آڑے آ جاتی ہے۔ دوسری عہد ساز شخصیت میرا دوست طراح ہے جس کا میں نے بہت بھلا چاہا ہے۔ تیسری عہد ساز شخصیت کشور ناہید کہ جس کا میں دوست ہوں اور جس نے ہمیشہ میرا بھلا چاہا ہے۔۔۔"

ممکن ہے بعض لوگ اس اقتباس کو پڑھ کر یہ سمجھیں کہ انور سجاد نے "عہد ساز" کی ترکیب کو "زمانہ ساز" کے مفہوم میں استعمال کیا ہے۔ لیکن ہمیں اس سے اتفاق نہیں ہے۔ انور سجاد کی تینوں پسندیدہ شخصیات فی الحال سخن سازی کے مرحلے میں ہیں۔ عہد سازی یعنی زمانہ سازی کی منزل ابھی بہت دور ہے۔

انور سجاد صرف اپنی تعریف سننے پر اکتفا نہیں کرتا، اپنی مذمت پر مبنی بیانات کو بھی پسند کرتا ہے۔ کچھ عرصہ ہوا احمد ہمیش نے اردو افسانوں کا ایک انتخاب شائع کیا تھا، اس میں انور سجاد کی بھی ایک کہانی شامل تھی۔ انتخاب کے دیباچے میں احمد ہمیش نے لکھا تھا "انور سجاد کتابیں۔۔۔

[illegible]

نے کہا: "اس کتاب میں آٹھ دس صفحے بہت کام کے ہیں۔" جب ان صفحات کی نشاندہی کے لیے کہا گیا تو انہوں نے فرمایا: "ہر مضمون کے بعد ایک صفحہ خالی ہے۔ ایسے صفحات کی تعداد آٹھ دس سے زیادہ نہیں ہے۔"

انتظار

ہے کس کا انتظار کہاں دھیان ہے لگا
کیوں چونک چونک پڑتے ہو آوازِ پا کے ساتھ
(نظام رامپوری)

نہ راحت کشی بے کمبخت امیدواروں کی
نہ دل کو حوصلہ انتظار باقی ہے
(شاد عظیم آبادی)

تم آئے ہو نہ شبِ انتظار گزری ہے
تلاش میں ہے سحر بار بار گزری ہے
(فیض احمد فیض)

نہ کوئی وعدہ نہ کوئی یقیں نہ کوئی امید
مگر ہمیں تو ترا انتظار کرنا تھا
(فراق گورکھپوری)

عذرا عباس

*

یہ دماغ سوتا ہی رہتا ہے

یہ دماغ سوتا ہی رہتا ہے
جیسے تھکے کپڑوں کی گٹھڑی
ایک اونگھتا ہوا
کاہل کا وجود
نشے کی عادت سے بے کار
یہ دماغ سوتا ہی رہتا ہے
اہم کانفرنسوں میں
خاص مجلسوں میں
کوئی حادثہ ہونے والا ہو
یا کوئی تبدیلی آنے والی ہو
کونے میں گٹھری مارے پڑا رہتا ہے
سوچے ہوئے اس کو ایک
عرصہ ہوا
صدیوں میں جلن ہوتی تھی
تو یہ چل دیتا تھا
کھوجنے کے لیے
زیادہ ہاتھ پاؤں پھر بھی نہیں
مارتا تھا
گٹھری مارے ہوئے
کھوجنے کے لیے بھی سوچنا
اس کے بس سے باہر تھا
پوچھے کوئی اس تھکے ہوئے سے
یہ کب بیدار ہوگا
کاہلِ بے کار گٹھری مارے ہوئے
تارک
جیسے تھکے کپڑوں کی گٹھری
یہ دماغ

میرا نمبر خالی ہے

میرا نام ان مردہ لوگوں میں لکھ دیا گیا ہے
جن کو کوئی آواز نہیں دیتا
میرا سایہ اب سورج کے عکس کے ساتھ
زمین پر نہیں گرتا
جب کھانا تقسیم ہوتا ہے
تو میرے حصے کی پلیٹ میرے آگے نہیں رکھی جاتی
جب شور ہوتا ہے
تو اس میں میری آواز نہیں سنائی دیتی
جب جرم بڑھتا ہے
تو میرا نام مجرموں کی لسٹ میں نہیں رکھا جاتا
جب دعوت نامے تقسیم ہوتے ہیں
تو میرا دعوت نامہ مجھے نہیں بھیجا جاتا
جب قطار میں کھڑے ہوئے لوگوں کو
نمبر دیا جاتا ہے
تو میرا نمبر خالی ہوتا ہے
میں جب چلتی ہوں ـــــ
تو میری چاپ پر کوئی مجھے پلٹ کر نہیں دیکھتا
لیکن جب بھی کوئی مجھے کبھی کہیں
دیکھ لیتا ہے
تو میرے سینے میں چھرا
گھونپ دیتا ہے

سائے کا گمان

ایک خوف جوڑوں کی پڑیوں کے ساتھ ساتھ
دوڑتا ہے
جو کسی بھی مشین کے پہیوں سے بیشتر رہتا ہے
جو کسی بھی جہاز کے عملے کو سمندر کی
سطح پر نظر آتا ہے
جو چلتے ہوئے آدمی کو پیڑوں کی شاخوں سے
لپیٹ لیتا ہے
جو کسی بھی آنکھ میں کسی بھی وقت نظر آ سکتا ہے
لیکن جب دیر تک
بارش ہوتی ہے
جب دیر تک دھوپ لوہا پگھلاتی ہے
جب چھتوں پہ سائے کا گمان
باقی نہیں رہتا
ایک خوف کہیں سے اٹھتا ہے
اور دنوں کو وسوسوں سے بھر دیتا ہے
جب آسمان گرنے والا ہوتا ہے
تو خوف ہاتھوں کی پوروں سے جھڑتی ہے
یہ ایک خوف ہی ہوتا ہے
جو زندگی کو انسانوں سے دور لے جاتا ہے

*

عذرا عباس

پاکستانی حدپر سکھ نوجوانوں سے فرضی جھڑپ کا ڈرامہ رچایا گیا ہے

بھارتی فوج نے نوجوانوں کو مشرقی پنجاب سے پکڑا اور سرحد لا کر گولی ماری

یہ سفاکانہ قتل ہے بھارتی حکومت کے رویے پر سکھ اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے رہنماؤں کا مشترکہ بیان

سلسلۂ ہدایت

سکاربرو کے دس سالہ عمر خان صاحب ولد شفاعت خان صاحب نے کلام پاک کا مطالعہ پورا پڑھ استاد جناب قاضی ابن بجلی کے زیر نگرانی ختم کر لیا ہے۔ شفاعت خان اور ان کی بیگم مستر خان کو ادارہ "الہلال" کی جانب سے مبارکباد!

ہندوؤں نے جامع مسجد دلی کے ذخیرہ آب میں زہر ملا دیا

امام احمد بخاری نے جامع مسجد فتح پوری کے امام کو قتل کرنے کی دھمکی۔ پرانی دلی میں زبردست کشیدگی

مسجد فیروز شاہ میں جوتوں سمیت داخل ہونے والے ہندوؤں نے نمازیوں پر لاٹھیوں سے حملے کیے

میں شادی کے بعد سست ہو گیا تھا

منظور جونیئر کی ریٹائرمنٹ بھی میرے زوال کا باعث بنی

میری بیوی بہت والی نہیں ہے یہ کہنا کہ لوگوں کو تعجب ہوا

ایشیائی کھیلوں میں خود قادر و درد لا کر گو قید کر دیا گیا

کلیم اللہ

افغانستان پاکستانی سرحد کے قریب ٹی وی بوسٹر لگا رہا ہے

سیاچین پر فوجی جھڑپوں میں پاکستان اور بھارت کے سو سے زائد فوجی ہلاک

پچھلے دو سال کے دوران مختلف حادثات میں پانچ سو فوجی ہلاک ہو چکے ہیں

اہم چوکیوں سے بھارتی فوجی ہٹانے کے لیے پاکستان کی کوششیں جاری ہیں۔ بھارتی اخبار کی رپورٹ

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

Complete Collision Service
- WE DO INSURANCE CLAIMS
- SPECIAL ON COMPLETE PAINT 399.00
- FREE PIN STRIPING ETC.

CALL
MOHAMMAD MUNIR
759-5810
(Res: 266-6428)
M & D
AUTO BODY REPAIR
260 MIDWEST RD., UNIT 5
SCARBOROUGH, ONT. M1P 3B4

حسن سردار کی ضرورت ہے

قومی ہاکی ٹیم

سابق ٹیسٹ کرکٹر ظہیر عباس کی خصوصی تحریر

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف دس ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں سے دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے۔

Advertisement No.....
C/O Al-Hilal
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
CANADA M2H 2P6

★★★

اشتہار نمبر (۶۹): ایک برسر روزگار مسلم نوجوان عمر ۲۶ سال مقیم ڈلاس ٹیکساس کے لیے گرین کارڈ رکھنے والی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ جلد کوائف کے ساتھ خط لکھیں ہر خط کا جواب دیا جائے گا۔

★

اشتہار نمبر (۷۰): ٹورانٹو میں اپنے والدین کے ساتھ مقیم ۲۲ سالہ لڑکی کے لیے عملی مسلمان، نیک اور سمجھدار لڑکے کا مناسب الفور رشتہ درکار ہے۔ سرپرست جلد کوائف کے ساتھ اس اخبار کی معرفت خط لکھیں۔

★

اشتہار نمبر (۷۱): کینیڈین شہریت رکھنے والی طلاق شدہ خاتون کے لیے ۴۰ تا ۵۰ سال عمر کے سنجیدہ مزاج اور ذمہ دار شخص کا رشتہ مطلوب ہے۔ سنجیدگی سے گھر بسانے کے خواہشمند ایسے افراد توجہ فرمائیں جو تنہا اپنی اولاد کی پرورش کرتے ہوئے ساتھی کی ضرورت محسوس کرتے ہوں۔

★

کینیڈین شہریت رکھنے والے لائل پور کے سنی مسلمان، پاور انجینئر، معقول تنخواہ اور ذاتی گھر کے مالک جوان صالح کے لیے پاکستانی دوشیزہ کا رشتہ درکار ہے۔

N. ALI
11310 - 82 A AVE.
NORTH DELTA, B.C.
V4C 2E2
PHONE: (604) 596-0376

★

اشتہار نمبر (۷۲): پاکستان کے پنجابی گھرانے سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ لڑکے کے، برائسٹل انگلینڈ کے لیے پاکستانی لڑکی عمر اندازاً بیس سال کا رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکے کے رشتہ دار ٹورانٹو میں موجود ہیں اور آج کل لڑکا بھی یہاں آیا ہوا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے "الہلال" کی معرفت ٹیلی فون نمبر یا خط کے ذریعے فوری رابطہ قائم کریں۔

Shaikh Umar Abdur-Rahman (standing) addressing the international seminar on 'Muslim Political Thought during the Colonial Period'; on right, a view of the seminar participants

سفر لندن — ارشاد احمد حقانی

نوآبادیاتی دور میں مسلمانوں کی سیاسی فکر

لندن کے اس سفر کے دوران مجھے مسلم انسٹی ٹیوٹ لندن کے تحت منعقد ہونے والی ایک چار روزہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کا بھی موقع ملا۔ مذاکرہ کا موضوع تھا "نوآبادیاتی دور میں مسلمانوں کی سیاسی فکر اور عمل؟"

مسلم انسٹی ٹیوٹ گزشتہ بیس سال سے دور حاضر کے حوالے سے اسلامی فکر کے مختلف پہلوؤں سے متعلق سالانہ کانفرنس کا اہتمام کر رہا ہے۔ ان کانفرنسوں کے موضوعات کا تعلق بالواسطہ یا بلاواسطہ عالمی اسلامی تحریک کے ماضی، حال اور مستقبل سے ہوتا ہے۔ اس سال کے سیمینار میں معروف شخصیات نے حصہ لیا۔ ان میں سے چند ایک کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:

مصر سے (۱) ڈاکٹر شیخ عمر عبدالرحمن۔ ان کا تعلق ... ہے اور تحریک جہاد سے ...

(۲) شیخ حافظ سلامہ جو مصری اسلامی رہبر ... ۱۹۷۳ء کی جنگ میں انہوں نے اپنی مسجد کے منبر سے اعلان کیا کہ سویز شہر کو اسرائیلی فوج کے حوالہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے ... مسلمانوں کو دفاع کیلئے منظم کیا اور اسرائیلیوں کو شہر چھوڑ کر بھاگنا پڑا۔

[illegible]

Fortnightly

al-hilal

50¢ Vol.15, No.13 September 25, 1986
Telephone: (416) 493-4374 474-9292
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

کراچی میں کار بم کے زبردست دھماکے میں عراقی سفارت کار جاں بحق

جمال الدین عبدالسلام کار میں گھر سے دفتر جا رہے تھے کہ گاڑی میں رکھا ہوا دستی بم اچانک پھٹ گیا۔ مجرمان کا کوئی سراغ نہیں مل سکا

میت عراق روانہ کر دی گئی، صدر ضیاء الحق اور وزیر اعظم جونیجو کا اظہار افسوس

قتل میں ایران کا ہاتھ ہے۔ عراق کا الزام ــ ہم ہرگز ملوث نہیں۔ ایرانی ترجمان

[illegible]

"طیارے کا کپتان فرار نہ ہوتا تو مسافروں کی جانیں بچائی جا سکتی تھیں"

طیارے کے اغوا میں شدید زخمی ہونے والی نادیہ حسین کی ویسٹ جرمنی کے فوجی ہسپتال میں پریس کانفرنس

[illegible]

[illegible]

پرانی دلی میں زبردست کشیدگی، کرفیو کی میعاد میں توسیع

مسلم کش فسادات کی تحقیقات کرائی جائے: سید عبداللہ بخاری کا مطالبہ

[illegible]

ایئر مارشل اصغر خان ...

[illegible]

اگر طیارہ کراچی سے اڑ جاتا ......

[illegible]

پوٹھوہار کے علاقے میں پیٹرولیم کے ذخائر

[illegible]

امریکی کمانڈوز پاکستانی فوجیوں کی وردی میں اغوا شدہ طیارے پر حملہ کرتے

[illegible]

جان پر کھیل کر سیکڑوں زندگیاں بچا لیں

ایئر ہوسٹس نیرجا کا نام سنہری حروف میں لکھا جائے گا

[illegible]

سول ایوی ایشن اتھارٹی کو سو ملین ڈالر کے دعوے ادا کرنا ہوں گے

پان ایم کے طیارے کے زخمیوں اور ہلاک شدگان کے ورثاء کی جانب سے ۵۰ ملین کے دعوے دائر کیے جانے کا امکان

[illegible]

شام کی جیلوں میں قید اخوان المسلمون کی خبر لی جائے

کور اکیا جائے: رکن اسمبلی اخلاق احمد کا مطالبہ

[illegible]

الہلال باقاعدگی سے حاصل کرنے کیلئے

براہ مہربانی مندرجہ ذیل کوپن پُر کر کے ہمیں روانہ کریں۔ آپ کے لیے "الہلال" جاری کر دیا جائے گا۔

پندرہ روزہ
ٹورانٹو (کینیڈا)
الہلال

سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال) ۱۷ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے کریسنٹ) ۳۰ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال و کریسنٹ) ۴۰ ڈالر

Name ....
Address ....
....
....
Postal Code .... Telephone ....

زرِ خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھئے اور پتہ ذیل پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9293, 493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجئے →

MANAGING EDITOR: M. LATEEF OWAISI